پیش کردہ پروگرام

سرٹیفکیٹ کورسز (6 ماہ)	ڈپلومہ کورسز (12 ماہ)
انگلش ESOL	آٹوموبائل
CAD/CAM	جنرل الیکٹرک
میسنری (معماری)	مکینیکل (میٹل مشیننگ)
پلمبنگ	ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ
کارپینٹری	فیبریکیشن
الیکٹرونکس	ویلڈنگ

نوٹ: شام اور ویک اینڈ (weekend) شفٹ کا دورانیہ 18 ماہ ہے۔

ضروری دستاویزات برائے داخلہ فارم

- 2 حالیہ پاسپورٹ سائز تصاویر
- اپنی/ والد کی تصدیق شدہ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی/ "ب" فارم
- اسکول سرٹیفکیٹ

رابطہ

111-11-TECH (8324), 021-35123652, 0314-2626832

AMANTECH
TRANSFORMING LIVES

City & Guilds Approved Centre

111-11-TECH(8324)
www.amanfoundation.org

Plot # 333, Korangi Township,
Near Pakistan Refinery Ltd.,
Karachi, Pakistan.
Tel: 021-35429371-2,
021-35120474-6 & 021-35429362
Mobile: 0314-2626832

امن ٹیک

کورنگی انڈسٹریل ایریا میں (6) ایکڑ سے زائد رقبے پر قائم امن ٹیک، تمام جدید سہولیات سے آراستہ ایک اعلیٰ معیار کا فنی انسٹیٹیوٹ ہے جو طلباء کی مہارت میں اضافہ کرتا ہے اور ان کو بہتر روزگار کے لئے تیار کرتا ہے۔ اس میں جدید ترین کمپیوٹر لیبز، لائبریری، انٹرنیٹ اور ملٹی میڈیا سے آراستہ کلاس رومز کے علاوہ، پریکٹیکل کرنے کے لئے بین الاقوامی معیار کی 22 ورکشاپس موجود ہیں۔ اس کے علاوہ جدید ترین مشینیں، آلات اور خصوصی طور پر نصب کئے گئے سمیولیٹرز (Simulators) جن کی مدد سے طالب علموں کو کم وقت میں مؤثر اور جامع ٹریننگ دی جاتی ہے اور ہمارے طلباء بین الاقوامی معیار کے مطابق فنی مہارت حاصل کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں کے لئے کھیلوں کی سہولیات بھی موجود ہیں۔ اور اب کنسٹرکشن کے کورسز بھی متعارف کرائے گئے ہیں۔ جس میں پانچویں جماعت پاس بھی داخلہ لے سکتے ہیں۔

دیگر نمایاں خصوصیات

- (70) سے زائد سٹی اینڈ گلڈز (انگلینڈ) سے تربیت اور سند یافتہ ماہر اساتذہ
- کردار سازی، اخلاقیات اور آداب کی تربیت
- انگریزی اور کمپیوٹر کی اضافی تعلیم و تربیت

امن فاؤنڈیشن

امن فاؤنڈیشن ایک ایسا سماجی اور فلاحی ادارہ ہے، جس کا مقصد پاکستان کے ضرورت مند لوگوں کو ایک باوقار معیار زندگی فراہم کرنا ہے۔ انسانیت کے جذبے سے مالا مال یہ ادارہ اس وقت پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی میں (100) ایڈوانس لائف سپورٹ ایمبولینسز، نوجوانوں کے لئے ایک ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ اور نچلی سطح پر معیاری تعلیم کے فروغ کے لئے ٹیچ فار پاکستان پروگرام اور امن گھر جو کہ اسکول جانے والے بچوں کے لئے کھانے کی فراہمی کے انتظامات کا ذمہ دار ہے۔

سٹی اینڈ گلڈز (انگلینڈ)

1878ء میں قائم ہونے والا سٹی اینڈ گلڈز (انگلینڈ)، عالمی معیار کا ایک ادارہ ہے۔ جو اس وقت 100 سے زائد ممالک میں اپنی ایک منفرد شناخت رکھتا ہے۔ سٹی اینڈ گلڈز (انگلینڈ) برطانیہ کا ایک ایسا ادارہ ہے جس کا مقصد پیشے کے لحاظ سے بین الاقوامی سطح پر مستند سرٹیفکیٹس مہیا کرنا ہے۔ یہ ادارہ 28 صنعتی شعبوں میں انتظامیہ اور انجینئرنگ کے 500 سے زائد مختلف اقسام کے کورسز کی پیشکش کرتا ہے، جن میں انٹری لیول سے ماسٹر ڈگری کی تربیت دی جاتی ہے۔ سٹی اینڈ گلڈز (انگلینڈ) سے منظور شدہ ادارہ ہونے کی حیثیت سے امن ٹیک کو ان کی خدمات میسر ہیں اور کامیاب ہونے والے طالب علموں کو سٹی اینڈ گلڈز (انگلینڈ) کے سرٹیفکیٹس دیئے جاتے ہیں جس کی بنیاد پر انہیں بیرون ملک روزگار کے مواقع حاصل ہیں۔ امن ٹیک کو انسٹیٹیوٹ کے تعلیمی عمل اور اساتذہ کی ٹریننگ میں سٹی اینڈ گلڈز (انگلینڈ) کی خدمات بھی حاصل ہیں۔

"محنت کرنا میری عادت کے ساتھ ساتھ شوق بھی تھا۔ امن ٹیک نے میرے اس شوق کو پائے تکمیل تک پہنچایا اور میرا خواب سچ کیا۔ میری شخصیت کو باوقار بنایا اور اچھی نوکری دلانے کا وعدہ بھی پورا کیا۔"

محمد کامران
(مکینیکل ڈپارٹمنٹ، امن ٹیک)

"ویلڈنگ کا شعبہ اپنانا ایک مشکل مگر زندگی کا سب سے اچھا فیصلہ رہا۔ کم آمدنی کے گھرانے سے دبئی میں نوکری کا خواب صرف امن ٹیک ہی پورا کر سکتا تھا۔ امن ٹیک نے میری زندگی کو مقصد دیا اور بہتر راہ پر گامزن کیا۔"

اویس سلیم
(ویلڈنگ ڈپارٹمنٹ، امن ٹیک)